سوال

(512) حقیقی بھائی، دو علاتی بھائی اور ایک علاتی بہن

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غلام قادر مرگئے وارث چھوڑا شیخ خیراتی برادر حقیقی اور عبد الرشید و عبد الصمد برادران علاتی اور مسماۃ بتولن ہمشیرہ علاتی کو ترکہ ان کا کس قدر کن کو پہنچا؟ راقم عبد الرشید ساکن بکسر محلہ خلاصی ٹولہ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں (بعد تقدیم ماتقدم علی الارث ورفع موانعہ)

کل ترکہ غلام قادر کا شیخ خیراتی برادر حقیقی کو پہنچا اور کسی کو نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الفرائض، صفحہ: 753

محدث فتویٰ